سوال

(327)قسم کا کفارہ

جواب

السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

اگر بیوی اپنے شوہر کے سر پر ہاتھ رکھ کر قسم کھائے کہ میں اب کبھی آپ کے ساتھ باہر نہیں جاؤں گی، توکیا وہ قسم پوری کرنی ہوگی، اوراگر قسم توڑدی جائے، توکیا گناہ ہے، اوراس کا کفارہ کیا ہے، اگروہ کفارہ دینے کی سکت نہ رکھتی ہو تواسے کیا کرنا چاہے۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃاللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اگر کوئی عورت ایسا کرتی ہے تواس پر قسم کو پورا کرنا لازم ہے۔ اوراگر قسم ٹوٹ جاتی ہے تواس کےلئے اللہ تعالی نے کفارہ رکھا ہے۔ اورکفارے کی مختلف اقسام ہیں، اگر آپ ایک قسم کی طاقت نہیں رکھتے توکسی دوسری قسم کوادا کرلیا جائے۔ کفارے کی تقسیم درج ذیل ہے۔

ارشاد باری تعالی ہے۔

لا يُؤاخِذُكُمُ اللَّهُ بِاللَّغوِ فى أَيمـٰنِكُم وَلـٰكِن يُؤاخِذُكُم بِما عَقَّدتُمُ الأَيمـٰنَ فَكَفّـٰرَتُهُ إِطعامُ عَشَرَةِ مَسـٰكينَ مِن أَوسَطِ ما تُطعِمونَ أَهليكُم أَو كِسوَتُهُم أَو تَحريرُ رَقَبَةٍ فَمَن لَم يَجِد فَصِيامُ ثَلـٰثَةِ أَيّامٍ ذٰلِكَ كَفّـٰرَةُ أَيمـٰنِكُم إِذا حَلَفتُم وَاحفَظوا أَيمـٰنَكُم كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُم ءايـٰتِهِ لَعَلَّكُم تَشكُرونَ ٨٩ ... سورة المائدة

اللہ تمہاری بے مقصد قسموں پر تمہارا مواخذہ نہیں کرے گا لیکن جو سنجیدہ قسمیں تم کھاتے ہو ان کا مواخذہ ہوگا، پس اس (قسم توڑنے) کا کفارہ دس محتاجوں کو اوسط درجے کا کھانا کھلانا ہے جو تم اپنے گھر والوں کو کھلاتے ہو یا انہیں کپڑا پہنانا یا غلام آزاد کرنا ہے اورجسے یہ میسر نہ ہو وہ تین دن روزے رکھے، جب تم قسم کھاؤ (اوراسے توڑدو) تو یہ تمہاری قسموں کا کفارہ ہے اوراپنی قسموں کی حفاظت کرو، اللہ اسی طرح اپنی آیات تمہارے لیے کھول کر بیان فرماتا ہے تاکہ تم شکر ادا کرو

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ

جلد 2